سوال

موذن کے لئے حیعلتین میں دایئں بایئں دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا موذن کے لئے یہ لازم ہے کہ حیعلتین یعنی اذان میں ((حی علی الصلاۃ)) اور ((حی علی الفلاح)) کہتے ہوئے وہ دایئں اور بایئں التفات کرے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

موذن کے لئے یہ سنت ہے کہ وہ حیعلتین کے وقت دایئں اور بایئں منہ کرے تاکہ اس کے ان دونوں اطراف اور پیچھے کے لوگ بھی آواز کو سن سکیں ۔ لیکن شاید یہ اس صورت می ہے ۔ جب اذان ینارہ پر دی جارہی ہو اور لاؤڈا سپیکر موجود نہ ہو جیسا کہ زمانہ ماضی میں معمول تھا ۔ لیکن میری رائے میں لاؤڈ اسپیکر پر اذان کی صورت میں شاید اس کی ضرورت نہیں ہے ۔ کیونکہ سپیکر کا مایئک ہی موذن ہے ۔ آدمی اگر اس کے قریب ہو تو اس کی آواز قوی اور اگر اس س دور ہو تو آواز ضعیف ہوگی اور موذن کے لئے حکم یہ ہے کہ اس کی آواز بلند اور طاقتور ہو!

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص338

محدث فتویٰ